
اسلام
اور عصرِ جدید

اپریل ۲۰۲۵ء
[جلد: ۵۷ — شمارہ: ۲]



ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز
جامعہ ملّیہ اسلامیہ۔ ۲۵

اسلام اور عصرِ جدید
(سہ ماہی)

Peer Reviewed

ISSN 2278-2109

(جنوری، اپریل، جولائی، اکتوبر)

جلد:۵۷ | اپریل۲۰۲۵ء | شمارہ:۲

زرِ اشتراک

	فی شمارہ	سالانہ	
اندرونِ ملک	-/100 روپے	-/380 روپے	(رجسٹرڈ ڈاک سے)
پاکستان و بنگلہ دیش	4/امریکی ڈالر	15امریکی ڈالر	(رجسٹرڈ ڈاک سے)
دیگر ممالک	12/امریکی ڈالر	40امریکی ڈالر	(رجسٹرڈ ہوائی ڈاک سے)

حیاتیاتی رکنیت:

☐ اندرونِ ملک 5000/روپے ☐ پاکستان و بنگلہ دیش 150امریکی ڈالر ☐ دیگر ممالک 400امریکی ڈالر

نوشاد عالم
تصحیح وتزئین

راشد احمد
پرنٹنگ اسسٹنٹ

فیضی گرافکس
کور ڈزائن

ملنے کا پتا: ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔۲۵

Website: https://jmi.ac.in/zhiis E-mail:zhis@jmi.ac.in

طابع وناشر: اعزازی ڈائرکٹر، ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔۲۵

مطبوعہ : لبرٹی آرٹ پریس، پٹودی ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۲

نوٹ: مقالہ نگاروں کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

پروفیسر ضیاء الدین ملک فلاحی *

ہندو مصنّفین کی سیرت نگاری

(چند اہم کتابوں کا تنقیدی مطالعہ)

اس مقالے کا مقصد یہ ہے کہ سیرتی ادب میں ہندو منہج مطالعہ کا سراغ لگایا جائے۔ یہ معلوم کیا جائے کہ مثبت اور منفی رجحانات کی کیفیت کیا ہے؟ یہ بھی دیکھا جائے کہ مستشرقین اور ہندو اہل علم کے مابین قدر مشترک واختلاف کیا ہے؟ امید ہے کہ سول سوسائٹی کے ساتھ ربط وتعلق استوار کرنے میں تحریر معاون ثابت ہوگی۔

ہندو اہل علم نے غیر منقسم بھارت میں بنیادی طور پر تین زبانوں: انگریزی ہندی اور اردو میں سیرت نبوی کے مطالعات پیش کیے ہیں۔ ایک قابل ذکر تعداد نے قرآن مجید کی آیات اور تعلیمات کا بھی مطالعہ کیا ہے۔ قرآن مجید میں سیرت نبوی کے جو پہلو مذکور ہوئے ہیں انھوں نے ان کا احاطہ کیا ہے۔ اس مقالے میں ۱۳؍ انگریزی تصنیفات میں مذکور سیرتی ادب کے چند گوشوں کو قارئین کی نذر کیا جاتا ہے اور ان گوشوں میں تصنیفی خصوصیات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔[1]

1. Muhammad: The Prophet of Islam, Dr. Nishikanta Chattopadhya, Hyderabad, The Villa Academy, 1971

☆ پروفیسر، شعبہ اسلامک اسٹڈیز، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ